قیمت : ۶۰ روپے، بذریعہ وی پی -/۸۰ روپے

خوبصورت اور جاذبِ نظر ٹائیٹل، سفید کاغذ، کمپیوٹرائزڈ۔

مسلمان بچیوں کو قرآن و حدیث کی تعلیمات سے روشناس کرانے کے لیے جامعۃ البنات اہل حدیث عرصہ تیرہ سال سے سرگرم عمل ہے۔ اب تک اس جامعہ سے ۲۰۰ سے زائد طالبات حفظِ قرآن کی تعلیم مکمل کر چکی ہیں جب کہ ایک ہزار سے زائد طالبات درسِ نظامی اور بخاری شریف کا کورس مکمل کر کے فارغ ہو چکی ہیں —— جامعہ کی پرنسپل محترمہ باجی زبیدہ امین ایک انتہائی صالحہ، مخلص، علم دوست، عالمہ فاضلہ، باعمل خاتون ہیں۔ بحمد اللہ انھوں نے اپنی بے لوث اور شبانہ روز محنتوں سے جامعہ کو شہرت و کامیابی کی بلندیوں پر پہنچا دیا ہے —— بہترین منتظمہ ہونے کے علاوہ اللہ تعالیٰ نے انھیں تقریر کا فن اور لکھنے کا سلیقہ بھی عطا فرمایا ہے، چنانچہ ایک طرف اگر درس و تدریس کا سلسلہ جاری ہے، تو دوسری طرف تحریر و تقریر کے ذریعے وہ دعوتی و تبلیغی میدان میں بھی مستعد ہیں —— مجلہ "طوبیٰ" بھی اسی سلسلہ کی کڑی ہے، جو بہترین علمی، اصلاحی مضامین کا شہ پارہ اور صوری اور معنوی خوبیوں کا مرقع ہے —— زیر نظر شمارہ اس مجلہ کا پانچواں سالانہ شمارہ ہے، بیشتر مضامین بہنوں کے لکھے ہوئے ہیں جو عقائد و عبادات، اخلاق و معاشرت، فکرِ آخرت اور احکام و مسائل کے موضوع پر انتہائی قیمتی اور پر مغز ہیں —— فلمی رسالوں اور گندے اخبارات کی پھیلائی ہوئی حیاسوز، اخلاق باختہ تحریروں اور جہالت کی دبیز تاریکیوں کے درمیان ایمانیات و اسلامیات کا ترجمان یہ مجلہ روشنی کی ایک کرن اور وقت کی اہم ترین ضرورت ہے، جس کا ہر مسلم گھرانے میں ہونا ضروری ہے۔

محترمہ باجی زبیدہ امین صاحبہ نے جس کام کا بیڑا اٹھایا ہے، ان شاء اللہ اس کے اثرات بڑے دور رس نتائج کے حامل ہوں گے —— مادیت و الحاد کے اس دور میں کتاب و سنت کی بنیادوں پر مسلمان بچیوں کی تعلیم و تربیت ایک انقلاب آفرین قدم ہے، جس سے آئندہ نسل کی اصلاح کی بڑی حد تک توقع کی جا سکتی ہے —— ہم محترمہ کو ہدیۂ تبریک پیش کرنے کے علاوہ ان کے لیے دعا گو بھی ہیں کہ اللہ رب العزت انھیں اپنے مشن میں مزید کامیابیوں سے نوازے —— آمین!

"طوبیٰ" ڈائری

دیدہ زیب، خوشنما، سفید کاغذ، خوبصورت پلاسٹک کور کے ساتھ نئے سال ۱۹۹۴ء کی